متفرقه

۳۱۴

ما شاء الله لا قوة إلا بالله

ومن يتوكل على الله فهو حسبه

در مطبع مصطفائی مصطفی محمد خان طبع نمود

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع الله کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا

اما بعد الحمد والصلوة فهذه اربعون

بعد تعریف خدا کی اور درود محمد مصطفی کی یہہ چالیس

حديثا مسندة بالسند الصحيح الى النبي

حدیثیں مسند ہیں سند صحیح کی نبی

صلى الله عليه وسلم مبانيها يسيرة ومعانيها

صلی الله علیه وسلم تک انکی بول تھوڑی ہیں اور مقصد

كثيرة لبيدة سها راغب خير رجاء ان

بہت ہیں کہ بڑی ہیں اور جمع بھلی بات چاہنے والے واسطی امیدواری اسکی

يدخل في زمرة العلماء لقوله عليه التحية

کہ داخل ہو عالموں کی جتھی میں بموجب فرمانے نبی کی اون پر درود

فائدہ [illegible]

والثناء من حفظ على أمتي أربعين حديثا

اور ثنا ہو یاد رکھیں میری امت کی واسطی نفع کی چالیس حدیثیں

في أمر دينها بعثه الله تعالى فقيها وكنت له يوم

دین کی معاملہ میں اوٹھاویگا قیامت میں الله تعالی اوسکو فقیہ ف١ اور میں ہونگا اوسکا قیامت

القيامة شافعا وشهيدا قال الفقير ولي الله عفي

کو سفارشی اور گواہ ف٢ کہتا ہی فقیر ولی الله معاف ہو

عنه شافهني أبو الطاهر المدني عن أبيه الشيخ

اوسکا گناہ کہ اوسکی کہ میری سامنے روایت کی ابو طاہر مدنی سے اپنی باپ شیخ

ابراهيم الكردي عن زين العابدين عن أبيه

ابراہیم کردی سے اوسنی زین العابدین سے اوسنے اپنی باپ

عبد القادر عن جده يحيى عن جده المحب عن

عبد القادر سے اوسنی اپنی دادا یحیی سے اوسنی اپنی دادا محب سے اوسنی

عم أبيه أبي اليمن عن أبيه شهاب أحمد عن أبيه

اپنی باپ کی چچا ابی الیمن سے اوسنی اپنی باپ شہاب احمد سی اوسنی اپنی باپ

رضي الدين عن أبي القاسم عن السيد أبي محمد

رضی الدین سی اوسنی ابی القاسم سی اوسنی سید ابی محمد سے

ف١ فقیہ یعنی بوجھنے والا سمجھانے والا اور رسول کی بات ... سلم ...

ف٢ بیان اس کی یہ بیان کی اسناد شیخ کا کہ حضرت شاہ ولی الله صاحب سے ... حدیث ... رسول الله صلی الله علیہ وسلم تک ... ذکر ... اون کی ... بیان ...

عن والده ابي الحسن عن والده ابي طالب عن ابي

اپنی باپ ابی الحسن سی اوسنی اپنی باپ ابی طالب سی اوسنی ابی

علي عن والده محمد زاهد عن والده ابي علي عن ابي

علی سی اوسنی اپنی باپ محمد زاہد سی اوسنی اپنی باپ ابی علی سی اوسنی

القاسم عن والده ابي محمد عن والده ... عن

ابی القاسم سی اوسنی اپنی باپ ابی محمد سی اوسنی اپنی باپ حسین سی اوسنی

والده جعفر عن ابيه عبد الله عن ابيه زين العابدين

اپنی باپ جعفر سی اوسنی اپنی باپ عبد اللہ سی اوسنی اپنی باپ امام زین العابدین سی

عن ابيه الامام الحسين عن ابيه علي بن ابي طالب

اوسنی اپنی باپ امام حسین سی اوسنی اپنی باپ علی بن ابی طالب سی

رضي الله عنهم قال قال رسول الله صلى الله

راضی ہو اللہ اون سب سی کہ فرمایا حضرت علی نی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عليه وسلم

علیہ وسلم نی

ليس الخبر كالمعاينة و الحرب خدعة

خبر دیکھنی کی برابر نہیں ف اور روای اسناد سی لڑائی فریب کا نام ہی

وع المسلم مرآة المسلم وع المستشار مؤتمن وع

ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا آئینہ ہے ف ۱ جس سے مشورت لی جاوے وہ امانت دار ہے

الدال على الخير كفاعله وع استعينوا على الحوائج

نیک کام کا بتانے والا ثواب میں کرنے والے کی برابر ہے مدد چاہو کاموں میں

بالكتمان وع اتقوا النار ولو بشق تمرة وع الدنيا

چھپا کر ف ۳ دوزخ سے بچو اگرچہ آدھا چھوارا دیکر سہی دنیا

سجن المؤمن وجنة الكافر وع الحياء خير كله

قید خانہ ہے ایمان دار کا اور بہشت ہے کافر کی شرم سراسر بہتر ہی ہے

وع عدة المؤمن كأخذ الكف وع لا يحل لمؤمن

ایمان دار کا وعدہ کرنا جیسا کہ ہاتھ پکڑ لینا ف ۴ حلال نہیں ایماندار کو

ان يهجر اخاه فوق ثلثة ايام وع ليس منا من غشنا

کہ اپنے بھائی کو چھوڑے تین دن سے زیادہ ف ۵ وہ شخص ہمارے میں سے نہیں جو ہمارے ساتھ خیانت کرے

وع ما قل وكفى خير مما كثر والهى وع الراجع في

ف ۶ جو تھوڑی چیز ہو اور کفایت کرے بہتر ہے اوس سے جو بہت ہو اور غفلت میں ڈالے دی چیز کا

هبته كالراجع في قيئه وع البلاء موكل بالمنطق

پھیر لینے والا جیسے وہ شخص کہ اپنی قے کو کھا جاوے بلا مقرر ہے بولنے پر ف ۷

وﷺ الناس كاسنان المشط وﷺ الغنى غنى النفس

آدمی جیسے کنگھی کے دندانے ف۱ بے پرواہی وہ جو دل کی بے پرواہی ہو

وﷺ السعيد من وعظ بغيره وﷺ وان من الشعر

نیک بخت وہ ہے جو دوسرے کا حال دیکھ کر آپ سمجھ جاوے اور البتہ بعضی شعر تو سراسر

لحكمة وان من البيان لسحرا ... بقاء

حکمت ہی ہوتی ہیں اور البتہ بعضی تقریر تو جادو ہوتی ہے ف۲ بادشاہ کی بخشش

للملك وﷺ المرء مع من احب وﷺ ما هلك امرء

سبب ہے ف۳ آدمی اوسی کے ساتھ ہوگا جس سے محبت رکھتا ہے نہ برباد ہوا وہ آدمی

عرف قدره وﷺ الولد للفراش وللعاهر الحجر وﷺ

جس نے اپنی حیثیت پہچانی لڑکا عورت کا اور مرد حرام کار کو پتھر ف۴

اليد العليا خير من اليد السفلى وﷺ لا يشكر الله

اوپر کا ہاتھ بہتر ہے نیچے والے ہاتھ سے ف۵ خدا کا حق نہ مانا

من لا يشكر الناس وﷺ حبك الشيء يعمي ويصم

جس نے لوگوں کا حق نہ مانا دوستی چیز کی اندھا اور بہرا کر دیتی ہے ف۶

وﷺ جبلت القلوب على حب من احسن اليها و

احسان کرنے والے کی محبت پر دل بنائے گئے اور

بغض من اسماء الیها و ﷺ التائب من الذنب کمن

برائی کرنی والی کی عداوت ہی ف ۱ گناه سی توبه کرنی والا ... گناه کی

لا ذنب له و ﷺ الشاهد یرى ما لا یراه الغائب

برابر ہی ف ۲ حاضر دیکھتا ہی اوسکو کہ غائب نہیں دیکھتا ف ۳

و ﷺ اذا جاءکم کریم قوم فاکرموه و ﷺ الیمین

جب کسی قوم کا سردار آوی تم پاس تو اوسکی تعظیم کرو جھوٹی

الفاجرة تدع الدیار البلاقع و ﷺ من قتل دون

قسم گھرون کو اوجاڑتی ہی جو اپنی مال کی بچاتی سی

ماله فهو شهید و ﷺ الاعمال بالنیة و ﷺ سید

مارا جاوی تو وہ ہی شہید ہی کاموں کا اعتبار نیت سی ہی ف ۴ قوم کا

القوم خادمهم و ﷺ خیر الامور اوسطها و ﷺ

سردار اونکا خدمتگار ف ۵ سب کاموں میں میانہ روی بہتر ہی ف ۶

اللهم بارک لامتی فی بکورها یوم الخمیس و ﷺ

الٰہی برکت دی میری امت کی اول روز کی چالی میں روز پنجشنبہ کی

کاد الفقر ان یکون کفرا و ﷺ السفر قطعة من

نگنا ہی کہ محتاجی کفر ہو جاوی ف سفر عذاب کا ایک

العذاب وفی المجالس بالامانة وفی خیر الزاد التقوی

ف مجلس امانت داری کے ساتھ [illegible]

وصلی اللہ تعالیٰ علی خیر خلقہ

محمد وآلہ واصحابہ

اجمعین

کتبہ افضل علی غفر اللہ تعالیٰ ذنوبہ

بفضل علی اعلی در ماہ جمادی الاخری [illegible] ہجری مقدسہ مطبع
مصطفائی واقع محلہ محمود نگر زیر اکبری دروازہ متعلقات
بیت السلطنت لکھنؤ حسب [illegible] محمد مصطفیٰ خان
ولد حاجی محمد روشن خان عفا
عنہما الرحمن طبع
شد

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

[illegible]

ا

وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ

رسالۂ راہ نجات

در مطبع مصطفائی محمد مصطفی خان طبع نمود ہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ علی نوالہ والصلوۃ والسلام علی رسولہ محمد والہ واصحابہ

ای عزیزو سمجھو تم اس بات کو کہ مسلمان ہونا بڑی نعمت ہی جو کوئی مسلمان ہو
خدا کی دوستوں میں داخل ہو دنیا میں بھی اوس پر رحمت ہو اور عاقبت میں
بڑی بڑی درجی بہشت میں پاوی اور بغیر مسلمان ہوئی کوئی عبادت قبول نہیں
ہوتی اسواسطی ہر انسان پر لازم ہی کہ پہلی ایمان اور اسلام کی مسئلی سیکھی اور اپنی
اولاد کو اور سب گھر کی آدمیوں کو سکھاوی تو مرنی کی وقت نجات عذاب سی پاوی
اور نہیں تو بہت عذاب دیکھی گا یہ بھی اور اسکی گھر والی بھی اب سنو تم دلسی
مسئلی دین کی نیکی نیکی کتابوں معتبر سی نکال کر بیان کرتا ہوں فرمایا رسول خدا
صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نی کہ بنیاد اسلام کی پانچ چیزیں ہیں اول کلمہ
شہادت کا دوسری نماز تیسری زکوۃ چوتھی حج پانچویں روزی رمضان کی
اب سنو تم پہلی کلمہ کی معنی فرض یہی ہی مسلمان پر کہ زبان سی اقرار کری اور دلسی

ہی جانی کہ پیدا کرنی والا سارے جہان کا ایک ہی اللہ اوسکا نام پاک ہی کوئی اوسکا
شریک نہین سب بڑائیان اور کمال اوسیکو ہین اور وہ سب عیبون سی پاک ہی
کسی کام مین کسی کا محتاج نہین اور سب اوسکی محتاج سب چیزون کی اوسی خبر ہی ایک
ذرہ اوس سی چھپا نہین اوسی سب چیزونکی قدرت ہی جو چاہی سو کری کوئی اوسکی حکم کو
پھیر نہین سکتا اور جو کچھ بندی کام کرتی ہین بھلا یا برا بلکہ جو دنیا مین ہوتا ہی سب
خدا کی تقدیر سی خدا نی پہلی ہی مقرر کر رکھا تہا کہ فلانی سی فلانی وقت ایسا ایسا ہوگا
اور ایمان لاوی کہ فرشتی بندی خدا کی ہین پیدا ہوئی نور سی پاک ہین گناہ نہین کرتی
جس جس کام پر خدا نی مقرر کر دیا اوسپر قائم ہین مقرر ہین نہ عورت کہاتی پیتی نہین
خدا کا ذکر اونکی زندگی ہی گنتی اونکی خدا کی سوا کوئی نہین جانتا اونمین چار فرشتی
بہت نامور ہین جبرئیل کہ کتابین خدا کی اور حکم خدا کی پیغمبرون کی پاس لایا کرتی تہی
میکائیل کہ روزی خدا کی حکم سی بندونکو پہونچاتی ہین اور مینہ کی تیاری بہی کرتی ہین
اسرافیل کہ صور مونہہ مین لیی کہڑی ہین قیامت کی دن پھونکین گی عزرائیل کہ مرنی
کی وقت جان نکالتی ہین اور ایمان لاوی کہ خدا نی کتابین پیغمبرون کو بہیجی ہین توریت حضرت
موسی پر انجیل حضرت عیسی پر زبور حضرت داود پر قرآن حضرت محمد مصطفی پر علیہم الصلوۃ
والسلام اور بعضی کتابین اور پیغمبرون پر جو کچھہ خدا کی کتابون مین لکھا ہی سب حق ہی اوس سب پر
ایمان لاوی اور ایمان لاوی کہ خدا نی بندون کی ہدایت کی واسطی دنیا مین پیغمبرون کو
بہیجا اور حکم کیا کہ جس راہ پیغمبر چلین اوسی راہ پر چلو تو دین و دنیا تمہارا درست رہی جو کوئی
دوسری راہ چلیگا دوزخی ہوگا سب پیغمبر برحق ہین اور گناہون سی پاک اور ہمارے پیغمبر خدا کی
سب سی افضل ہین اونکی درجی کو کوئی نہین پہونچا اول پیغمبر حضرت آدم ہین باپ سب آدمیون کی

اونکی بھی اولاد وسی اونکی اور بہت سی پیغمبر ہوئی ہین اونکی خدا کو معلوم ہی آخر سب کی
پیچھی دنیا مین حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہین اور پیغمبری حضرت پر ختم
ہوئی حضرت کا سب سی پہلی پیدا ہوا تہا اسی واسطی حضرت سب پیغمبرون کی سردار
ہین پیدا ہوئی مکہ شریف مین جب چالیس برس کی ہوئی تب خدا کی طرف سی نبی
ہوئی اور قرآن شریف اوترنا شروع ہوا پہر تیرہ برس مکہ شریف مین رہی اور
وہان معراج ہوئی حضرت جبرئیل براق لیکر آئی حضرت کو سوار کرکی مسجد اقصی مین لیگئی
اور وہان سی ساتوین آسمان پر حضرت تشریف لیگئی عرش کرسی سب کچھ دیکھا
اور بہشت اور دوزخ کی بہی سیر کی اور اوس رات مین بڑی بڑی نعمتین خدا کی طرف
سی پائین اور پانچون نمازین بہی وہان فرض ہوئین پہر جب حضرت ترپن برس کی ہوئی
خدا کی حکم سی مکہ شریف سی مدینہ پاک مین آئی دس برس وہان رہی جب تریسٹھ
برس کی ہوئی وفات پائی چنانچہ مزار شریف حضرت کی وہان ہی جا کر دیکھی حضرت
کی یہہ ہین محمد بن عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف اور ایمان لاوے
کہ مرنی کی پیچھی آدمی کی پاس دو فرشتی منکر اور نکیر آکی سوال کرتی ہین رب تیرا
کون ہی دین تیرا کیا ہی یہہ کون شخص ہی کہ تمہاری پاس آیا تہا مردہ اگر ایماندار
ہی جواب اونکو دیتا ہی رب میرا اللہ دین میرا اسلام اور یہہ شخص رسول خدا کی ہین ہمارے
واسطی خدا کی حکم لیکر آئی تہی پہر اوس مردی پر خدا کی رحمت ہوتی ہی بہشت کی طرف
دروازہ اوسکی واسطی کہول دیتی ہین اور جو مردہ بی ایمان تہا منکر نکیر کا جواب اوسی نہین
آتا ہر بار کہتا ہی مین نہین جانتا پہر اوسپر عذاب سخت کرتی ہین اور دروازہ دوزخ کی
طرف کہول دیتی ہین اور ایمان لاوی کہ قیامت آنی برحق ہی اور جس دن حضرت اسرافیل

صور پھونکین کی آسمان پھٹ جاوینگی اور تارے ٹوٹ جاوینگی اور ٹوٹکر گر پڑینگی
اور پہاڑ اوڑتی پھرینگی جیسی روئی کی گالی پھر زمین آسمان اور سارا جہان فنا
ہوگا جب دوسری بار صور پھونکین کی پھر سب کچھ موجود ہو جاویگا مُردی گوروں سی نکلین گی
اور ترازو عمل کی کھڑی ہوکی اور نامہ اعمال کی اونکی ہاتھون مین دینگی اور حساب کرینگی
ہاتھ پاون اوسکی گواہی دینگی کہ جو کچھ کام کئی تھی بھلی بری اور دوزخ کی پشتہ پر پل صراط
کہڑا ہوگا بال سی باریک اور تلوار سی تیز اور سبکو چلنی کا حکم ہوگا نیک ایسی چلی جاوینگی
کہ جیسی بجلی یا جیسی ہوا یا جیسی گھوڑا تیز اور بعضی پاؤن کی طرح اور بہت سی دوزخ
مین کٹ کر گر پڑینگی اور ایمان لاوی کہ حق تعالی نے حضرت پیغمبر کو حوض کوثر دیا ہی پانی
اوسکا شہد سی میٹھا اور دودھ سی سفید ہی کوزے اوسکی بہت زیادہ جیسی آسمان کی
تاری حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اوسپر بیٹھکر قیامت کی دن اپنی امت کو
پانی پلاوینگی جو کوئی پئی گا پھر پیاسا نہوگا اور ایمان لاوی کہ حضرت رسول خدا اور ساری
پیغمبر اور اولیا اور نیک آدمی شفاعت گنہگاروں کی قیامت کی دن کرینگی اور ایمان
لاوی کہ مسلمانون کو بڑی بڑی نعمتین بہشت مین ملینگی کہانی کو میوہ پینے کو شربت
خدمت کو حورین اور غلمان رہنی کو مکان اچھی اچھی سب سی بڑی نعمت بہشت مین
دیدار خدا کا ہی کہ اپنی فضل سی مسلمانون کو نصیب کریگا اور کافرون کو دوزخ مین
بڑی بڑی عذاب ہونگی آگ سانپ بچھو گرم پانی طوق زنجیر کانٹی بدبو کی
مکان اور بہت سی عذاب مین حق تعالی دنیا سی ساتھ ایمان کی اوٹھاوی اور سب
مسلمانون کو عذاب سی بچاوی اور ایمان لاوی کہ جو کچھ قرآن اور حدیث مین بہشت
دوزخ کا احوال اور اگلی پچھلی باتین لکھی ہین سب حق ہین اور جو بات موافق شرع کی ہی

وارده تاریخ

۹۹
واقع سنه ۱۲ ...

درراکس ... [illegible]
همکن [illegible] واقع [illegible]
تحصیل [illegible] وارسیله جری
بمدت [illegible] جوب [illegible]
تحانه [illegible] مذکوره [illegible]
اندجه انه [illegible] ایکی [illegible]
المرقوم [illegible] ۱۲۹۹

مطابق [illegible]

(۹۴)

حساب خانه باغ [illegible]

حصه [illegible]	حصه افراد	حصه افراد
۱/	۱۰/	۱/
۷/	۷۰/	۱۱

حصه افراد [illegible]
۱۰/
۱/